دوشی فلمز کا تیار کردہ

साज

ساج

ستارے

دخشنی مالا ۔ پردیپ کمار ۔ بپن گپتا ۔ جیون وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری بھگوان نے پورن کو سنگیت کا خزانہ سونپ رکھا تھا۔ وہ سنگیت کا سچا پرستار تھا۔ پورن کا ایمان تھا۔ کہ دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے سنگیت میں بھگوان کا نواس ہوتا ہے۔ اور اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے۔ کہ وہ مردہ چیزوں میں بھی جان ڈال سکتا ہے۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

تاج کے گانے

گانا نمبر ۱

موری وِنتی سنو بھگوان
آج میری ٹوٹی دنیا میں پھر سے ڈالو پران
اب موری وِنتی سنو بھگوان
نا مانگوں میں محل خزانے نا مانگوں میں تاج
آج بھرے دربار میں سوامی رکھیو موری لاج
راگ کو بس سات سُروں کا داتا دے وردان ۔ اب موری
یہ دھرتی آکاش ہیں تیرے چھوٹے سے دو گیت
لہر لہر میں چھپا ہوا ہے تیرا ہی سنگیت
بہتے گیتوں کی دھارا کو روک رہا انسان ۔ اب موری..
سورج کی رفتار بدل دے مان تو رکھ لے میرا
جب تک ٹوٹا ساز نہ بولے جگ میں رہے اندھیرا
شبنم سے برسیں انگارے ڈار ڈار جل جائے
کانٹوں سے بھر جائے بگیا رُتی پھول کھلائے
جس جگ میں سنگیت نہیں وہ ہو جائے شمشان

گانا نمبر ۲

تم سنگ لاگے پیا مورے نینیاں اک پل چین نہ آئے
تم سنگ ......
پاپی من موری بات نہ مانے ۔ کون اسے آئے سمجھائے
پل پل رہ جائے ـــــ تم سنگ .....
من میں سمائی مورے شیام مورتیا
کس بدھ بھولوں میں پی کی مورتیا
بات سمجھ نہیں آئے ـــــ تم سنگ ....
دے ہی گیا وہ درد سہانا ۔ مشکل ہے اب اس کو بھلانا
پی بن کچھ نہیں بھائے ـــــ تم سنگ ....

گانا نمبر ۳

بنسی کی دھن سن ۔ تیرے لئے چھن چھن
لائی ہوں بن بگیا سے گوری گوری کلیاں
نکلی ہوں چھپ چھپ ۔ گھر سے میں چپ چپ
آئی ہوں سجانے بلم تیری گلیاں
بھولے سجن تیرے دل میں جلن
میں تو جان گئی ۔ جان گئی ۔ جان گئی رے
تیری نظر کسے ڈھونڈھے ہے ادھر ۔ میں تو جان ...
تیری میٹھی نظر پہچان گئی رے
دنیا سے بچ بچ کہتی ہوں سچ سچ
آئی ہوں سجانے بلم تیری گلیاں
بانکی پلک ۔ بجلی جھلک ۔ موہے مار گئی ۔ مار گئی ۔ مار گئی رے

تیری قسم یہ موہ تیا بلم — موہے مار گئی...
میں تو بیٹھے بٹھائے جیا ہار گئی رے
لالہ پل پل کہتا ہے چل چل — آئی ہوں سجانے..

گانا نمبر ۴

اک بات بتا دے جوگی۔ یہ جوگن کب تیری ہوگی
یہ راج تاج سب تیرا۔ تو ہو جائے جو میرا
تیرے جھکے نین لے گئے چین کہ دل ہوا سنگی
یہ جوگن کب تیری ہوگی...
تو جوگی سب سے نیارا۔ میرے دل پہ جادو ڈارا
میں پل پل جیوں تیرا نام کہاں آرام کہ دل ہوا روگی
یہ جوگن کب تیری ہوگی...

لتا [illegible]

گانا نمبر ۵

لڑکی۔ بانسریا پھر سے بجا او کانہا بانسریا پھر سے بجا
لڑکا۔ جا جا نہ مجھ کو ستا او رادھا۔ جا جا نہ مجھ کو ستا
لڑکی۔ بنسی نہ باجے تو جیا میرا ڈولے
جیا میرا ڈولے جیا بولی یہ بولے
پھر سے وہی دھن سنا۔ او کانہا۔ بانسریا پھر سے بجا
لڑکا۔ چھیڑ رہی او نٹ کھٹ گوالن کی چھوری
میں نہ بجاؤں گا یہ بانس کی پوری
لڑکی۔ ایسے نہ مجھ کو رلا۔ او کانہا۔ بانسریا...
کانہا تیری مرلی میں رادھا کی جان ہے
لڑکا۔ رادھا تو ہی میری بنسی کی تان ہے

لڑکی:۔ ہونٹوں سے مُرلی بجا ۔ او کانہا ۔ بانسریا۔۔۔

گانا بملا

گوری بالم نے تیرا سانوریا ۔ منائے تیرا سانوریا ۔ مان بھی جا ہیمنت جاد
تیرے بنا او گوری کیسے بجے گی موری بانسریا
منائے تیرا سانوریا ۔ مان بھی جا
مرک جا او جانے والی ۔ دل تڑپانے والی
توڑ کے کسی کا دل جاتا ہے تیرا
اتنا بھی مان کیا روپ کا گمان کیا
دیکھو جی یہ بان چلاتا ہے تیرا
بالی عمر تو ہے باوریا ۔ منائے تیرا سانوریا ۔ مان بھی جا
چھوڑ بھی دے ضد والی ۔ بات جو نہ میری مانی
اک دن تجھے پچھتانا پڑے گا
انکھیاں جھکائے ہوئے ۔ مکھڑا چھپائے ہوئے
ہار کے مان کے جی آنا پڑے گا
اب جو ملا تیری چھا گجریا ۔ منائے تیرا سانوریا ۔ مان۔۔

گانا بمل

بلما ہو جا ۔ میں تو ہے ہاری
موری پیت جتر رنگ داری گاری رے
پاس رہے تو من گھبرائے ۔ دور رہوں تو چین نہ آئے
ات جاؤں یا ات جاؤں میں سوچ سوچ کر ہاری ہاری رے
بلما ہو
جان گئی میں تو ہے چھلیا ۔ جادو بھری ہے توری مرلیا

من ترسا وت رس برساوت بن بن کریں ہاری ہاری رے
بلما ہو......

گانا نمبر ۸

جھوم جھوم کر چلی اکیلی۔ آج نہ جانے کہاں نویلی
مست نظر شرما ئے
ہو گیا ہو گیا ہے پیار کا جادو۔ ناگن سی بل کھائے
جھوم جھوم کر چلی....

مستانی ہے چال۔ گلابی گال۔ عمر یا بالی
گھونگھر والے بال۔ سنہری جال بھر یا متوالی
دور دور سے جھلک دکھائے
سانوریا جب پاس بلائے چھم چھم بڑھتی جائے

البیلی جھوٹے نخرے میں جو چلی لہراتی
بجلی گرتی بان چلاتی بان پیا کو ترپاتی
آگ لگا کر آنکھ چرائے۔ سانوریا جب پاس بلائے
چھم چھم بڑھتی جائے
ہو گیا.....

گانا نمبر ۹

جہاں میں آئی دیوالی بڑے چراغ جلے
ہمارے دل میں مگر تیرے غم کے داغ جلے۔ جہاں میں.
قدم قدم پہ چراغوں کا آج میلا ہے
بجھا ہوا میرے دل کا دیا اکیلا ہے
کبھی نہ ایسے کسی کی خوشی کا باغ جلے۔ جہاں میں.

عجب رنگ لئے دیکھے آئی دیوالی
کسی نے گھر کو جلا کے منائی دیوالی
ادھر چراغ ادھر دل کا داغ جلے ۔ جہاں میں..
زمیں پہ اُترا ہوا قافلہ ستاروں کا
دلائے یاد سماں پیار کی بہاروں کا
جو تو نہیں ہو تو کیسے میرا چراغ جلے ۔ جہاں میں..
گانا نمبر ۵
یہ کیسا طوفان اُٹھا ہے میرے گھر میں آج
ٹوٹ ٹوٹ کر بکھر رہا ہے میرے پیار کا تاج
رحم کر آسماں ۔ رحم کر آسماں
آج لٹنے لگی پیار کی داستاں ۔ رحم کر آسماں رحم کر آسماں
میری دنیا کے جلتے دیئے نہ بجھا ۔ روک لے روک بھی ہے یہ زمیں ہو
یوں نہ برباد کر دو دلوں کا جہاں ۔ رحم کر..
چاند تارے تیرے مسکراتے رہیں ۔ مسکراتے رہیں جگمگاتے رہیں
میرا دیپک بھی جلنے دے او آسماں ۔ رحم کر...
آج کی رات کا جو سویرا ہوا ، دُور نظروں سے جو چاند میرا ہوا
بد دُعا دُوں گی میں تو پگھل جائے گا
آہ میری لگے گی تو جل جائے گا
ساتھ میرے مٹے گا ترا بھی نشاں
رحم کر آسماں...
(ختم شد)

دلچسپ اور کارآمد۔ آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ
مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے اپنے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے
ایکٹروں اور ایکٹرسوں۔ نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح
فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ اُن کے پتے
سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسوں کی تصاویر
نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں اگر آپکو فلمستان سے دلچسپی
لگاؤ ہے تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱-۱-۱ عہ محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی
کتاب جیسا لبھا۔ ماں کی محنت اور تجربہ سے لکھا
تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً انگلش شرٹ۔ لیڈیز
کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا

قیمت صرف ۱-۱-3 محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن
فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے
گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہکین مانا کپڑا سلوا سکتا ہے ہر دکاندار
کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱-۱4-2 عہ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

دلآباد پریس دہلی